أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

بسم الله الرحمن الرحیم

الحمد للہ وحدہ والصلٰوۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ

آپ سب کو اسلام کا نیا سال مبارک ہو

اس محرّم الحرام میں ہم مسلمان توحید کے علم بردار بنے گے
جس طرح کربلا میں حضرت حسینؓ نے توحید کا پرچم لہرا
اور اللہ کی راہ میں شہید ہوئے
اور یہ ثابت کیا کہ: إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلّٰهِ ترجمہ "حکم نہیں مگر اللہ کا"
سورۃ یوسف آیت 40

کہ حضرت حسین نے ملوکیت جیسی بدعت
اور شرک کے خلاف جنگ کر کے لوگوں پر اس کی حقیقت کھول کر رکھ دی
کہ بادشاہت صرف اور صرف اللہ ﷻ ہے کی ہوگی
صرف اللہ ﷻ کا ہی حکم چلے گا یعنی قرآن و سنت سے فیصلہ ہوگا
یعنی وہ خلافت جو قرآن اور سنت کے ساتھ چلیے

یہ ہے " إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلّٰهِ "

" حکم نہیں مگر اللہ کا "

اور اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں یہ حکم دیا ہے

إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ ۝٥

ترجمہ ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور کرتے رہے گے ،
اور صرف توجہ ہی سے مدد ماگتے ہیں اور مانگتے رہے گے ۔
سورۃ الفاتحہ آیت نمبر 4.

أَمَّن يُجِيبُ ٱلْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ ٱلسُّوٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ ٱلْأَرْضِ ۗ أَءِلَٰهٌ مَّعَ ٱللَّهِ ۚ قَلِيلًا مَّا تَذَكَّرُونَ ﴿٦٢﴾

ترجمہ بھلا کون ہے ؟
جو بے قرار کی دعا سنتا ہے جبکہ وہ اُسے پکارے
اور کون اس کی تکلیف رفع کرتا ہے؟
اور (کون ہے جو) تمہیں زمین کا خلیفہ بناتا ہے؟
کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور خدا بھی (یہ کام کرنے والا) ہے؟
تم لوگ کم ہی سوچتے ہو

سورۃ النمل آیت نمبر 6-